© rasailojaraid.com

بچے بچے کے دل میں پیدا ہو چکی ہو اور وہ ان کے حفظ و بقا اور نشو و ارتقاء کو اپنے نفس اور اس کی محبوب خواہشوں سے عزیز تر سمجھتا ہو؟ آیا ہم کچھ ایسے اصول رکھتے ہیں جن کے اتباع سے ہم اپنی حیاتِ قومی کو عدل و انصاف، تعاون و تناصر، امن و اطمینان اور ترقی و تقدم کی پائیدار بنیادوں پر قائم کر سکیں اور ان اسباب کو مٹا سکیں جو ہمارے عناصرِ وجود کو آپس ہی کی کشمکش میں مبتلا کر دینے والے ہیں؟

یہ چیزیں اگر ہمارے پاس موجود ہیں تو ہمیں مطمئن رہنا چاہیے کہ پاکستان مستحکم ہے، محفوظ ہے، اور بقا و ارتقا کی پوری طاقت رکھتا ہے۔ لیکن اگر دیانۃً ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ ان چیزوں کا ہمارے اندر فقدان ہے، یا کم از کم اس حد تک قلت ہے کہ ان کی موجودگی سے کوئی خاص فائدہ حاصل نہیں ہو سکتا، تو پھر ہمیں سب سے پہلے اور سب سے بڑھ کر یہ فکر ہونی چاہیے کہ انہیں پیدا کریں اور نشو و نما دیں، کیونکہ اب وہ شخصیت بھی باقی نہیں رہی ہے جس کی جاذب اور محرک طاقت ان کے فقدان کی کسی حد تک تلافی کر رہی تھی۔

---

مسلمانوں کی جگہ کوئی دوسری قوم ہوتی تو اس کے لئے یہ امر بجائے خود کافی پریشان کن ہوتا کہ وہ ایسا تخیل، ایسا مقصد، ایسی قدریں، ایسے اصول کہاں سے لائے۔ اس کو یہ ساری چیزیں کچھ خود تصنیف کرنی پڑتیں، کچھ جگہ جگہ سے مانگ تانگ کر لانی پڑتیں، اور انہیں اپنے اندر جذب کرنے کے لئے برسہا برس تک محنت کرنی پڑتی۔ لیکن مسلمانوں کے پاس اسلام کی شکل میں یہ سب کچھ موجود ہے، اور صدیوں کی روایات پہلے ہی اس کی جڑیں ہماری زندگی میں پھیلا چکی اور گہری اتار چکی ہیں۔ صرف ہماری غفلت ہے جس نے اسے مضمحل کر رکھا ہے، اور اسی کی بدولت ہم قوت و استحکام کے اس لازوال اور اتھاہ خزانے سے محروم ہو رہے ہیں۔ کیا اب بھی وقت نہیں آیا کہ ہم اس کی طرف توجہ کریں، اس کو تازہ کریں، اور اس کے ساتھ کبھی کبھار کے زبانی اشتغال پر قناعت کرنے کے بجائے بالفعل اس کو استعمال کریں؟

---

بلاشبہ بیرونی خطرات بھی ایک قوم کو متحد کر سکتا ہے، اس کے اندرونی اختلافات کو دبا سکتا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اس کی سوئی ہوئی طاقتوں کو بیدار کر سکتا ہے اور اس کے اندر بہت سے اُن اوصاف کو ابھار سکتا ہے جو تعمیر و استحکام کے لئے مددگار ہوتے ہیں۔ مگر یاد رکھنا چاہیئے کہ ڈر فی الحقیقت کوئی تعمیری طاقت نہیں ہے۔ وہ ایک وقتی چیز ہے۔ اس پر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہم انحصار نہیں کر سکتے۔ وہ ایک سلبی چیز ہے۔ اس سے ہمارے اندر وہ ساری قوتیں نہیں ابھر سکتیں جو اپنی حیاتِ قومی کی تعمیر اور اس کے نشو و نما کے لئے ہمیں مطلوب ہیں۔ وہ فائدے کے ساتھ مضرت کے پہلو بھی اپنے اندر رکھتا ہے۔ اگر صرف اسی پر ہماری تعمیر و استحکام کا مدار ہو تو ہم اپنے ہاتھوں اپنے اوپر ایک استبدادی نظام مسلط کر سکتے ہیں، اپنی فلاح و سعادت کے بہت سے گوشوں سے جان بوجھ کر غفلت برت سکتے ہیں، اپنی بہتری کے بہت سے کاموں کو ضائع کر سکتے ہیں، اور ان قوموں کی راہ پر پڑ سکتے ہیں جنہوں نے صرف بیرونی خطرات کے خوف پر اپنی زندگی کا مدار رکھا اور آخر کار اتنی تنگ، وہمی، چڑچڑی، بدمزاج ہو گئیں کہ انہوں نے خود اپنے رویہ سے اپنے لئے اُن خطرات کو واقعی مہلک بنا لیا جن سے وہ بچنا چاہتی تھیں پھر یہ حقیقت بھی نظر انداز نہ ہونی چاہیئے کہ بیرونی خطرات کے احساس سے جو زیادہ سے زیادہ اندرونی استحکام ممکن ہے وہ بھی زیادہ دیر تک ہمارے اندر اجتماعی عدل و انصاف کے نقدان کی تلافی نہیں کر سکتا۔ ہم خود اگر اپنے کسی بھائی پر ظلم کر رہے ہوں تو آخر کب تک وہ کسی بیرونی ظالم کے ڈر سے ہمارے ساتھ چمٹا رہیگا؟ ہماری شکم سیری، اپنے ایک بھائی کی فاقہ کشی کو آخر کتنی دیر تک اس وعظ سے متاثر کر سکیگی کہ یہ پُر خطر وقت تجھ سے قربانیوں کا طلب گار ہے؟

پس بیرونی خطرات، جو فی الواقع موجود ہیں، اپنی حقیقی فطری حد تک ہی رہیں تو بہتر ہے۔ ایک استحکامی و تعمیری طاقت کی حیثیت سے محض انہی پر انحصار کر لینا درست نہیں ہے۔ اس غرض کیلئے تو ہمیں کوئی ایسی چیز چاہیئے جو دائمی اور مستقل ہو، جس کی قوتِ جاذبہ سے ہم جڑ جائیں۔ جس کی قوتِ محرکہ سے ہم متحرک ہو جائیں، جو ہماری تمام تعمیری قوتوں اور صلاحیتوں کو ابھار دے، اور جس کے فیض سے ہماری زندگی اپنے گھر میں بھی صالح ہو اور باہر والوں کے لئے بھی اسوۂ حسنہ بن جائے۔

---

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دوسرا زبردست حادثہ جو ان دنوں ہماری قوم کو پیش آیا ہے وہ حیدر آباد کا سقوط ہے - اس معاملہ میں انڈین یونین اور اس کے لیڈروں نے جو شرمناک پارٹ ادا کیا ہے اس سے بحث کرنا ہمارے لئے لاحاصل ہے - ہندوستان میں اگر کچھ عقل و ہوش رکھنے والے لوگ موجود ہیں تو یہ دیکھنا ان کا کام ہے کہ ان کی قوم کدھر جا رہی ہے اور کہاں پہنچ کر رہیگی - ہم اپنی بحث کو معاملہ کے صرف اس پہلو تک محدود رکھینگے جس کا تعلق مسلمانوں سے ہے -

---

حیدر آباد میں چند لاکھ ہندوستانی مسلمانوں کی ہجرت کے بعد مسلمانوں کی آبادی تقریباً چالیس لاکھ تھی - یہ چالیس لاکھ مسلمان ایک ایسی ریاست میں آباد تھے جس میں غیر مسلموں کی آبادی سوا کروڑ سے بھی زیادہ تھی - پھر اس ریاست کو چاروں طرف سے ایک ایسی مملکت گھیرے ہوئے تھی جس کی آبادی ۳۰ کروڑ سے زائد ہے اور جس میں حکمرانی اسی غیر مسلم اکثریت کی ہے جو خود ریاست میں بھی اکثریت ہی رکھتی ہے - والیٔ ریاست انہی والیان ریاست کی جنس سے تعلق رکھتا تھا جو اپنی گدی اور اپنے خانوادے کے مفاد کو بہرحال اپنی پوری قوم کی بہ نسبت عزیز تر رکھتے ہیں - فوج، پولیس اور نظم و نسق کے تمام شعبوں میں اگرچہ مسلمانوں کا غلبہ تھا، مگر غیر مسلم عنصر بھی کچھ ایسا بے اثر نہ تھا کہ حکومت کی انتظامی مشین کو بالکل مسلمانوں کی حمایت میں استعمال کیا جا سکتا - تقسیم ہند کے وقت تک ریاست پر انگریزوں کی بالادستی مسلط رہی تھی اور اس نے دوسری ریاستوں کی طرح حیدر آباد کو بھی ایسا کوئی موقع نہ دیا تھا کہ وہ اپنی فوجی طاقت مضبوط کر سکے - اور تقسیم کے بعد حیدر آباد انڈین یونین کے گھیرے میں آچکا تھا، اس لئے نہ باہر سے کوئی بڑی مدد اس کو پہنچ سکتی تھی اور نہ اندر ہی اس کا کوئی امکان تھا کہ چند مہینوں میں وہ اتنی جنگی طاقت فراہم کر سکے جو ہندوستان سے لڑنے کے لئے کچھ بھی کافی ہو - اخلاقی حیثیت سے بھی حیدر آباد کے مسلمان کچھ ایسے برتر نہ تھے کہ کوئی شخص یہ تصور کر سکتا کہ وہ اپنے سے ستر گنی طاقت کا مقابلہ کر سکیں گے - اور اس کا بھی کوئی امکان نہ تھا کہ پاکستان اپنے موجودہ حالات میں ان کی حمایت کے لئے اٹھ سکے

---

یہ تھے حیدر آباد کے اصل حالات - ان حالات میں کوئی ہوشمند انسان یہ امید نہیں کر سکتا تھا کہ وہاں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۸۰ فیصدی غیر مسلم اکثریت پر ۲۰ فیصدی مسلم اقلیت کا وہ غلبہ و اقتدار برقرار رکھا جا سکتا ہے جو پہلے بالکل مختلف حالات میں قائم ہوا اور رہا تھا۔ اور کسی مرد عاقل سے یہ بات بھی چھپی نہیں رہ سکتی تھی کہ حیدر آباد انڈین یونین سے لڑ کر اس کے علی الرغم اپنی خود مختاری قائم نہیں رکھ سکتا۔ دانشمندی کا تقاضا یہ تھا کہ مسلمان کشمکش، مزاحمت اور جنگ کے بجائے اپنے مستقبل کے لئے کوئی ایسی راہ تلاش کرتے جس میں وہ کامل تباہی سے بچ بھی سکتے اور آئندہ اپنی اخلاقی و دینی حالت کو بہتر بنا کر کوئی نتیجہ خیز جد و جہد کرنے کے مواقع بھی انھیں حاصل رہتے۔ لیکن جن لوگوں نے ایسی کوئی راہ سوچی اور بتائی وہ مسلمانوں کو دشمن نظر آئے۔ انہوں نے اپنی رہنمائی کے لئے ایسے لوگوں کو پسند کیا جو اندھے جوش، کھوکھلے نعروں، جھوٹی توقعات، غلط امیدوں، بے بنیاد آرزوؤں، اور بے زور لاف و گزاف کے ذریعہ سے ان کے غرور نفس کو فی الوقت تسکین دے سکیں۔ وہ اس آواز پر مر مٹے کہ کوئی دلی کے لال قلعہ پر آصف جاہی جھنڈا گاڑ دینے کی بات کرتا ہے۔ اس نشے میں چالیس لاکھ کی پوری آبادی مست ہو گئی۔ کوئی یہ سوچ کر اپنے وقتی لطف کو کرکرا کرنے پر راضی نہ ہوا کہ آخر یہ کام ہوگا کس طرح؟ سب کے سب آنکھیں بند کر کے اس لاف زنی کے پیچھے چل پڑے اور اپنی قسمت پر ناز کرنے لگے کہ اس گئے گزرے زمانے میں بھی انہیں ایسے بے نظیر لیڈر میسر آتے ہی چلے جاتے ہیں!

---

یہ تو تھی حیدر آباد کے مسلمانوں کی کیفیت۔ رہے پاکستان کے مسلمان تو ان کی کیفیت بھی اُن سے کچھ مختلف نہ تھی۔ سیاسی تقسیمات نے چاہے ہم کو کتنا ہی بانٹ دیا ہو، مگر قوم اور اس کا مزاج تو ایک ہی ہے۔ یہاں ہمارے اخبارات وہ ساری نشہ آور تقریریں پھیلا رہے تھے جن سے حیدر آباد کے لوگوں پر مستی کا عالم طاری کیا جا رہا تھا۔ حیدر آباد کی روز افزوں طاقت اور اس کی زبردست تیاریوں کے متعلق طرح طرح کے افسانے نہ معلوم کہاں تصنیف ہوتے تھے اور عام لوگوں تک پہنچا دیے جاتے تھے۔ کبھی ہمیں سُنایا جاتا تھا کہ حیدر آباد کے پاس بڑا بھاری ہوائی بیڑہ موجود ہے۔ کبھی کہا جاتا تھا کہ اس نے گوآ کی بندرگاہ حاصل کر لی ہے۔ کبھی خبر دی جاتی تھی کہ اس نے فرانس سے ایک جزیرہ حاصل کر لیا ہے۔ کبھی اس کی فوجی طاقت اور جنگی سر و سامان کے متعلق سراسر بے سر و پا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اندازے شائع کیے جاتے تھے۔ کبھی بتایا جاتا تھا کہ دنیائے اسلام کے گوشے گوشے میں اس کی مدد کے لئے تیاریاں ہو رہی ہیں۔ ان باتوں سے محض عوام الناس ہی نہیں، ہمارے اچھے خاصے تعلیم یافتہ لوگ اور ذمہ دار منصب رکھنے والے اصحاب تک جھوٹی اُمیدوں اور غلط توقعات کے قلعے بنا کر بیٹھ گئے تھے۔ حتیٰ کہ جس روز شام کو حیدرآباد ہتھیار ڈالنے والا تھا اس کی دوپہر تک ہمارے خطیب اپنے جمعہ کے خطبوں میں اپنی قوم کو یہ یقین دلائے جا رہے تھے کہ عنقریب لڑائی کا نقشہ بدلنے والا ہے اور اس کے بعد...... بس دیکھنا کہ کیا ہو جائیگا۔ پھر جب تلخ حقائق کی ایک ضرب نے وہ تمام خیالی قلعے یک لخت منہدم کر دئے جو ہوا باندھ کر پچھلے ایک سال سے تعمیر ہو رہے تھے، تو اس کا نفسیاتی اثر جو کچھ ہوا وہ سب کو معلوم ہے۔

---

آج حیدرآباد میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کے تصور سے ہر مسلمان کا دل غمگین ہے۔ جہاں سات آٹھ سو برس تک مسلسل مسلمانوں کا غلبہ رہا آج وہاں مسلمان صرف مغلوب ہی نہیں پامال ہو رہے ہیں۔ ہندوستان کی وسیع سرزمین پر وہ ایک خطہ بھی اب باقی نہیں رہا جہاں مسلمان عزت سے سر اٹھا کر چل سکتا تھا۔ کل تک جس حیدرآباد کی طرف سارے ہندوستان کے مسلمان اُمید بھری نگاہوں سے دیکھا کرتے تھے، افسوس! آج وہی حیدرآباد ہر طرف مایوسی ہی مایوسی دیکھ رہا ہے۔ اس کے عزت والے ذلیل ہو رہے ہیں۔ اس کے بہترین نوجوان ضائع کیے جا رہے ہیں اور اس کی طاقت اس طرح توڑی جا رہی ہے کہ شاید چند سال بعد ہندوستان میں کسی خطے کے مسلمان اتنے خستہ حال نہ ہونگے جتنے حیدرآباد کے مسلمان۔

اپنے بھائیوں کے اس انجام پر ہمارا غم و افسوس صحیح۔ انڈین یونین کی بدعہدیوں اور کم ظرفیوں اور خرمستیوں پر ہمارا غصہ بجا۔ برطانوی حکومت کے غدارانہ رویہ پر ہماری شکایت درست۔ اور نظام کی خود غرضی پر بھی ہمارا غیظ و غضب برحق۔ مگر ہم کبھی اس طرح کی ٹھوکریں کھانے اور چوٹیں سہنے سے نہیں بچ سکیں گے جب تک کہ خود اپنی اُن غلطیوں کو محسوس نہ کریں جن کی بدولت یہ پے در پے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

زکیں ہمیں اٹھانی پڑ رہی ہیں۔ ہم حقائق سے منہ موڑ کر آرزوؤں اور تمناؤں کے پیچھے چلتے ہیں۔ ہم عقل کی بات بتانے والوں کو دشمن اور خوش کن باتیں بنانے والوں کو دوست سمجھتے ہیں۔ ہم ٹھوس عمل کی کمی کو خیالی ہواؤں سے پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہم نصیحت سے نفور اور کذب و فریب کے قدر داں ہیں۔ ہم کسی کو اپنے آگے لگاتے وقت اس کے اخلاقی و ذہنی اوصاف نہیں دیکھتے بلکہ صرف یہ دیکھتے ہیں کہ وہ نعرہ کتنے زور کا لگاتا ہے اور زبان کے استعمال میں کس قدر مطلق العنان ہے۔ ہم اپنے رہبروں اور سربراہ کاروں کے انتخاب میں پیہم غلطیاں کرتے رہے ہیں اور اندھی پیروی کے اتنے خوگر ہو چکے ہیں کہ تباہ کن حوادث میں مبتلا ہونے سے پہلے کبھی آنکھیں کھول کر نہیں دیکھتے کہ ہمارے رہبر ہمیں کدھر لئے جا رہے ہیں۔ ہماری یہی کمزوریاں دراصل ہماری سب سے بڑی دشمن ہیں۔ کسی باہر والے کی دشمنی اور کسی گھر والے کی غداری ہمارا کچھ نہ بگاڑ سکتی اگر ہماری اپنی یہ کمزوریاں اس کی مدد نہ کرتیں۔ اب بھی ہم انہیں سمجھ لیں اور ان کی اصلاح پر آمادہ ہو جائیں تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ حیدر آباد کا خون رائگاں نہ گیا۔ لیکن افسوس کہ سقوط حیدر آباد کے بعد فوراً ہی ہم نے اس کی ایسی توجیہات شروع کر دیں جن سے اپنی کمزوریوں کے سوا ہر دوسری ممکن التصور چیز پر اس حادثۂ عظیم کی ذمہ داری ڈالی جا سکے۔ گویا ہم اپنے نفس کو یہ اطمینان دلانا چاہتے ہیں کہ ہم خود تو سب کچھ ٹھیک ہی کر رہے تھے، صرف فلاں کی غداری اور فلاں کی بے وفائی نے ہم کو اس حادثہ سے دوچار کر دیا ــــ درحقیقت یہ وہ افیون کی گولیاں ہیں جو ہر چوٹ کے بعد ہم اس لئے کھایا کرتے ہیں کہ ہمیں اپنی خامیوں کا تلخ احساس نہ ہونے پائے!

---

قدیم زمانے میں اقتدار و اختیار کا مرکز بادشاہ ہوتے تھے اور اجتماعی زندگی کے سارے کارخانے کی درستی یا خرابی کا انحصار اس پر ہوتا تھا کہ وقت کا بادشاہ کیسا ہے۔ بادشاہ عقلمند اور نیک مزاج ہوتا تو وہ اپنے گرد وپیش اچھے مشیر، راستباز علماء، دانشمند مدبر، اور دیانتدار کارکن جمع کر لیتا تھا اور سب کام ٹھیک چلتے تھے۔ لیکن اگر تخت شاہی پر کوئی بگڑا ہوا شاہزادہ متمکن ہو جاتا تو اسے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

خوشامدی مصاحب ہر طرف سے گھیر لیتے تھے اور وہ اسے بھروں پر چڑھا کر غلطیوں کے چکر میں ایسا پھانستے تھے کہ صرف شاہی خاندان ہی نہیں بلکہ پوری مملکت تباہی و بربادی کی راہ پر چل پڑتی تھی۔ سلطنت کمزور ہوتی تھی اور وہ بادشاہ کو یقین دلاتے تھے کہ حضور کی طاقت آسمان پر جا رہی ہے۔ دشمن سر پر ہوتا تھا اور وہ بادشاہ کو اطمینان دلاتے تھے کہ حضور کا اقبال سب کا منہ پھیر دیگا۔ بادشاہ کے کانوں تک وہ کوئی صحیح رائے، کوئی نیک مشورہ، اور کوئی حق بات نہ پہونچنے دیتے تھے۔ دربار میں مانگ ہی ان لوگوں کی ہوتی تھی جو بادشاہ کو دھوکے اور فریب میں مبتلا رکھیں، اس کو جھوٹ سے خوش کریں، اس کی کمزوریوں کو خوبیاں بتائیں، اس کے گناہ کو صواب ٹھیرائیں، دنیا کی ساری حقیقتوں کو اس کی خواہشات کے مطابق ڈھالیں اور کسی تلخ حقیقت سے اس کے عیش کو بدمزہ نہ ہونے دیں۔ اس ماحول میں کوئی ناصح مشیر، کوئی حق گو عالم، کوئی دور اندیش اور معاملہ فہم انسان اور کوئی مخلص و متدین ملازم بادشاہ کے پاس نہ پھٹک سکتا تھا، اور اگر اتفاق سے کوئی ایسا آدمی نکل بھی آتا تو بداندیشوں کی پوری ٹولی مل کر اپنا سارا زور اس کے خلاف لگا دیتی تھی تاکہ بادشاہ کا مزاج اس پر برہم ہو جائے اور اسے دربار سے نکال باہر کیا جائے۔ پھر جب یہ ساری خرابیاں مل جل کر سلطنت پر کوئی بڑی آفت لے آتیں تو افیون کے بہت سے انٹے اور شراب کے ساغر اور بھنگ کے پیالے تیار رکھے جاتے تھے تاکہ اعلیٰ حضرت کی آنکھیں کھلنے سے پہلے انہیں غفلت میں سرشار کر دیا جائے۔

آج اس جمہوریت کے دور میں عوام کا وہی مقام ہے جو پہلے بادشاہوں کو حاصل تھا۔ اقتدار و اختیار کا منبع اب بادشاہ نہیں، ملک کے عوام ہیں۔ زندگی کا سارا نظام اسی وقت ٹھیک چل سکتا ہے جبکہ عوام الناس کا شعور درست ہو، ان میں بھلے اور برے کی تمیز ہو، اور وہ ٹھیک ٹھیک سمجھیں کہ کس پر اعتماد کرنا چاہیے اور کس پر نہ کرنا چاہیے۔ یہ بات جہاں نہ ہوگی وہاں وہی صورت حال رونما ہوگی جو پہلے شخصی بادشاہی کے دور میں کسی بگڑے ہوئے شاہزادے کے تخت نشین ہونے پر رونما ہوا کرتی تھی۔ اب مصاحبوں کا زمانہ نہیں ہے، ان کی جگہ اب گمراہ کن اخباروں اور بے لگام خطیبوں اور الکشن کے کھلاڑیوں اور دنیا پرست مولویوں نے لے لی ہے۔ پہلے بگڑے ہوئے عوام ان کو پسند کر کے ابھارتے ہیں، پھر یہ ابھر کر عوام کو اور زیادہ بگاڑتے چلے جاتے ہیں۔

© rasailojaraid.com